© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرۂ کتب

- سمیع الحق
- جناب اختر راہی۔ ایم اے

سوانح مولانا رسول خان ہزاروی | مرتب مولانا قاری فیوض الرحمان ایم اے۔ قیمت مجلد -/۵ روپے
صفحات ۱۷۶ ۔ ناشر: پاکستان بک ڈپو سنٹر اردو بازار لاہور۔

بقیۃ السلف مولانا رسول خان ہزاروی مرحوم سابق استاد دارالعلوم دیوبند اپنے وقت کے استاذ العلماء اور شیخ الکل عالم ربانی تھے، شریعت و طریقت منقول و معقول کے بیک وقت جامع علمی تبحر و عبقریت کے علاوہ سادگی وقار، عالمانہ متانت زہد و ورع، ہر لحاظ سے اکابرین دیوبند کا صحیح نمونہ ۳ رمضان المبارک ۱۳۹۱ھ کو آپ کا وصال ہوا، ایسے یادگار سلف شیخ الکل بزرگ کی سوانح کی ترتیب و اشاعت اہم علمی ضرورت تھی جس کی توفیق خداوند تعالیٰ نے قاری فیوض الرحمان صاحب کو دی جنہیں حق تعالیٰ نے مشاہیر علم و فضل بالخصوص علماء سرحد کے احوال و سوانح مرتب کرنے کا خاص شغف دیا ہے۔

مرتب نے صاحب سوانح کے بارہ میں ان کے اصحاب علم و فضل مشاہیر تلامذہ کے تاثرات نیز وفات پر علمی دنیا کے تاثرات تعزیتی مضامین اور خود اپنے قلم سے سوانح مرتب فرما کر علمی دنیا پر احسان کیا قاری صاحب نے اس کتاب کے ذریعہ ایک حد تک مولانا کی سوانح پر کافی مواد جمع فرمایا۔ مگر ضرورت اس سلسلہ میں مولانا کی شخصیت علم و فضل اور کمالات پر مزید کام کرنے کی بھی ہے۔ حق تعالیٰ مرتب کتاب کو اسی علمی خدمت کا اجر عطا فرمادے اور ان کی یہ خدمات بارگاہ خداوندی میں مشرف بقبول فرمائیں۔

قاری فیوض الرحمان کیطرف سے ان ہی کے قلم سے حسب ذیل کتابچے بھی موصول ہوئے ہیں۔

(الف) قصائد حسان بن ثابتؓ ۔ ناشر: جمعیۃ قوۃ الاسلام۔ الممتاز کچہری روڈ لاہور، قیمت -/۳.۵ روپے
صفحات ۱۱۲۔ شاعر رسول جلیل القدر صحابی کے اشعار و قصائد، اردو ترجمہ و تشریح کے ساتھ۔

(ب) دعائیں۔ ناشر: پاکستان بک سنٹر۔ اردو بازار لاہور۔ قیمت ۸۰ پیسے۔ صفحات ۴۰۔ قرآن و حدیث سے منقول دعائیں۔

(ج) جدید قرآنی قاعدہ۔ ناشر: سابقہ پتہ، صفحات ۴۸۔ اردو داں طبقہ کیلئے ہر سہ رسائل کا مطالعہ مفید ہے۔

(سمیع الحق)